clydebank housing association

**Local Authority Housing Information Leaflet in Urdu**

Local Authority Housing (Councils)

مقامی اتھارٹی (کونسلوں) کی طرف سے فراہم کردہ گھر

Councils offer houses and flats, and homes designed for people with special needs (for example, sheltered housing for older people).

There are two ways you can rent a house from the council:
* by applying for a house and being placed on a waiting list until the council offers you a suitable house.
* by being assessed as homeless. The council then must offer you temporary accommodation.

کونسل آپ کو گھر، فلیٹس اور "خصوصی ضروریات" میں مبتلا افراد کے خصوصی طور پر تیار کیے گئے گھر فراہم کرتی ہے (مثال کے طور پر عمر رسیدہ افراد کے لیے شیلٹرڈ ہاؤسنگ).

کونسل سے گھر کرایہ پر لینے کے دو طریقے ہیں :

- آپ گھر کے لیے درخواست دیتے ہیں اور اپنا نام ویٹنگ لسٹ پر ڈال دیتے ہیں جب تک کونسل آپ کو آپ کے لیے مناسب گھر کی پیشکش نہیں کرتی.
- اپنے آپ کو "ہوم لس" (جن افراد کے پاس رہنے کے لیے گھر نہیں ہوتا) کی حیثیت سے پیش کرتے ہوئے. اس کے بعد کونسل کا یہ فرض بن جاتا ہے کہ وہ آپ کو عارضی رہائش فراہم کرے.

How to apply
Go to your local council office and fill out an application form. If you need help filling it in, just ask. The council should provide translated information and interpreters.

When you are applying to the council for accommodation, they will give you information about the application process. This includes information on how the council assesses you for a house. It is important to understand how the system works before filling in your application.

clydebank housing association

**Local Authority Housing Information Leaflet in Urdu**

درخواست کیسے دی جا سکتی ہے

اپنی کونسل کے دفتر میں جائیں اور درخواست فارم پُر کریں. اگر آپ کو یہ درخواست پُر کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو پوچھ لیں.
کونسل کا فرض بنتا ہے کہ وہ آپ کو ترجمہ شدہ معلومات اور ترجمان فراہم کرے.
جب آپ کونسل کو گھر (رہائش) کے لیے درخواست دے رہے ہوں تو کونسل آپ کو درخواست کے طریق کار کے متعلق معلومات فراہم کرے گی. اس میں یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ کونسل آپ کو گھر دینے کا کیسے جائزہ لیتی ہے. یہ ضروری ہے کہ درخواست فارم پُر کرنے سے پہلے آپ کو علم ہو کہ یہ سارا انظام کیسے کام کرتا ہے.

How your application is awarded points
Your application will be assessed and you will be given priority 'points' and put on a waiting list. The council awards 'points' according to your housing need. This means that the people most in need are housed as quickly as possible.

You will be awarded points if you are:
* living in overcrowded conditions (for example, if children over the age of 16 have to share a bedroom with another family member)
* without a kitchen, bathroom, living room, or hot and cold water system for your own use
* in medical need (for example, you cannot walk without assistance or need a wheelchair, or you are chronically ill). You will need a letter from your doctor explaining your condition
* being racially or sexually harassed
* a victim of domestic violence
* wanting to move closer to family or community support (for example, you need to be near a mosque or closer to family members).

clydebank

clydebank housing association

**Local Authority Housing Information Leaflet in Urdu**

## آپ کی درخواست کو پوائنٹس کیسے دیئے جاتے ہیں

آپ کی درخواست کا جائزہ لیا جائے گا اور فوقیت کے لحاظ سے اسے "پوائنٹس" دیئے جائیں گے اور اسے ویٹنگ لسٹ پر ڈال دیا جائے گا کونسل آپ کی درخواست کو آپ کی رہائش کی ضروریات کے اعتبار سے پوائنٹس دیتی ہے. اس کا مطلب یہ ہوا کہ جن لوگوں کو گھر کی اشد ضرورت ہوانہیں جس قدر جلد ممکن ہو گھر دیا جاتا ہے.

## آپ کی درخواست کو پوائنٹس دیئے جاتے ہیں اگر:

- آپ ایسے گھر میں رہتے ہوں جہاں گنجائش سے زیادہ افراد رہ رہے ہوں (مثال کے طور پر، اگر سولہ (16) سال کی عمر کے بچوں کو اپنے بیڈروم میں شراکت کے ساتھ گھر کے کسی دوسرے فرد کے ساتھ رہنا پڑتا ہو).
- آپ کے اپنے استعمال کے لیے، کچن (باورچی خانہ)، باتھ روم (غسل خانہ)، بیٹھنے کا کمرہ، یا گرم اور ٹھنڈے پانی کو نظام موجود نہ ہو.
- آپ کی طبی ضروریات ہوں (مثال کے طور پر، آپ سہارے کے بغیر چل پھر نہیں سکتے یا آپ کو "وہیل چیئر" کی ضرورت ہے، یا آپ کو دائمی بیماری ہو). آپ کو اپنے ڈاکٹر سے خط لینا پڑے گا جس میں آپ کی صورتحال کی وضاحت کی گئی ہو.
- آپ کو نسلی یا جنسی طور پر ہراساں کیا جا رہا ہو.
- آپ کو گھریلو زیادتی (تشدد) کا سامنا کرنا پڑتا ہو.
- آپ اپنے خاندان (رشتہ داروں) اور کمیونٹی کے قریب رہنا چاہتے ہوں (مثال کے طور پر، آپ مسجد یا اپنے خاندان کے افراد کے پاس رہنا چاہتے ہوں).

It is important to provide complete and up-to-date information when you fill in the application form, especially about your current housing situation. If you are not sure what to mention, ask council staff members and they will help you. All applications are confidential and will not be seen by anyone who is not dealing with your case.

clydebank housing association

**Local Authority Housing Information Leaflet in Urdu**

یہ بہت ضروری ہے کہ جب آپ درخواست فارم پُر کریں تو تمام معلومات تازہ ترین اور مکمل طور پر فراہم کریں، خصوصی طور پر اپنی ہاؤسنگ (رہائش) کے بارے میں مکمل تفصیلات فراہم کریں. اگر آپ کو یقین نہ ہو کہ فارم میں کیا لکھنا ہے تو کونسل کے عملے کے ممبران سے بات کریں وہ آپ کی مدد کریں گے. تمام درخواستیں پوشیدہ رہتی ہیں اور کسی ایسے شخص کو علم نہیں ہوتا جو آپ کی درخواست کے ساتھ برتاؤ نہیں کر رہا ہو.

What happens once the council has your application?
Getting accommodation from the council can take some time. Check with the council about how they will keep you informed of the progress of your application. Once a house becomes available in a suitable location, the council will make you an offer of a house.

جب کونسل کو آپ کی درخواست مل جاتی ہے تو پھر کیا ہوتا ہے؟
کونسل سے گھر ملنے میں کافی عرصہ لگ سکتا ہے. کونسل سے آپ یہ دریافت کر سکتے ہیں کہ وہ آپ کو آپ کی درخواست کے بارے میں کیسے باخبر رکھے گی. جب کونسل کے پاس کوئی مناسب گھر دستیاب ہو جاتا ہے تو آپ کو گھر کی پیشکش کی جاتی ہے.